12 ستمبر 2017

مالی سال18ء کے پہلے دو ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 3.5 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال18ء کے پہلے دو ماہ (جولائی تا اگست) میں3496.13 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 3089.02 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

اگست 2017ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1954.46 ملین ڈالر تھی جو کہ جولائی 2017ء کے مقابلے میں 26.78 فیصد زیادہ ہے، اور اگست 2016ء کے مقابلے میں 11 فیصد زائد ہے۔ بلحاظ ملک اگست 2017ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 511.28 ملین ڈالر، 440.38 ملین ڈالر، 260.34 ملین ڈالر، 249.14 ملین ڈالر، 230.22 ملین ڈالر، اور 62.75 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ اگست 2016ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 507.26 ملین ڈالر، 401.18 ملین ڈالر، 223.7 ملین ڈالر، 192.64 ملین ڈالر، 222.57 ملین ڈالر اور 43.5 ملین ڈالر تھیں۔ اگست 2017ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 200.35 ملین ڈالر رہیں جبکہ اگست 2016ء میں ان ملکوں سے 169.99 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

☆☆☆